# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu news Bulletin

**Time :**07:40 /  PM

Date: 04-August-2026

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں تجمل اندرابی۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

---

۱۔۔۔۔ جموں وکشمیر **ULLAS** اسکیم کے تحت مکمل طور سے خواندہ ریاستوں اور یوٹیز کی فہرست میں شامل // لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے سماج کو بااختیار بنانے میں تعلیم کو اہم جُز دیا قرار۔

۲۔۔۔۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر پی بی ورلڈ پروفیشنل گالف ٹور آف انڈیا کا کیا آغاز/ جموں کشمیر کے گالفنگ وسائل کو کیا اجاگر۔

۳۔۔۔۔ نائب وزیر اعلیٰ کی صدارت میں جموں وکشمیر مینرلز لمیٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی 176 ویں میٹنگ منعقد // پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل پر دیا زور۔

اور

۴۔۔۔۔ مرکزی سرکار نے سال **2021** سے اب تک **36** ممالک سے **274** مفرور مجرموں کو بھارت واپس لانے میں کی کامیابی حاصل۔

## LG

لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہانے سماج کومکمل طور سے بااختیار بنانے میں تعلیم کوایک اہم جُزقرار دیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ تعلیم کے مشن کو آگے بڑھانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ جموں وکشمیر مرکزی سرکار کی **ULLAS** اسکیم کے تحت مکمل طور سے خواندہ ریاستوں اور یوٹیز کی فہرست میں شامل ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر نے اس اسکیم کے تحت **99** عشاریہ صفرنو فیصدی کامیابی حاصل کی ہے۔ایل جی نے اس پیش رفت کوممکن بنانے کیلئے اساتذہ، منتظمین اور دیگر متعلقین کو مبارکباد پیش کی ہے۔اب تک **9** ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو **ULLAS** کے تحت مکمل طور پر خواندہ قرار دیا گیا ہے جن میں لداخ، میزورم، چنڈی گڈھ، انڈومان اینڈ نیکو بار **Island** سکم اور اترا کھنڈ شامل ہیں جبکہ جموں وکشمیر **10** ویں پائیدان پر ہے۔واضح رہے کہ جموں وکشمیر اس فہرست میں سب سے زیادہ آبادی والا علاقہ ہے جس نے یہ سنگ میل عبور کیا ہے۔

### ایل جی ملاقات

انڈین کارپوریٹ لأ سروس ٹرینی افسران نے آج لوک بھون میں لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ شفافیت، جوابدہی اور اعتماد ملک کی اقتصادی ساکھ کی بنیاد ہے۔انہوں نے ٹرینی افسران پر زور دیا کہ وہ وکست بھارت **2047** کیلئے سرمایہ کاروں کے اعتماد کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

### پارلیمنٹ

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کاروائی آج نیٹ معاملے پر طلباء کے احتجاج کے دوران پولیس مبینہ کاروائی سمیت کئی دیگر معاملات کو لے کر حزب اختلاف کے احتجاج کے چلتے دوپہر **2** بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔راجیہ سبھا کی کاروائی پہلے التوا کے بعد جب دوپہر **12** بجے دوبارہ شروع ہوئی تو چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے حزب اختلاف کے شوروغل کے بیچ وقفہ سوالات چلانے کی کوشش کی، تاہم حزب اختلاف کے

ارکان نے نعرہ بازی جاری رکھی اور کاروائی کو دوپہر **2** بجے تک کیلئے ملتوی کرنا پڑا۔اسی طرح لوک سبھا کی کاروائی جب صبح **11** بجے شروع ہوئی تو سپیکر اوم برلا نے وقفہ سوالات شروع کرنے کی کوشش کی تاہم حزب اختلاف کے ارکان نے شوروغل جاری رکھا اور ایوان کی کاروائی کو دوپہر **2** بجے تک کیلئے ملتوی کرنا پڑا۔

**BJP**

دریں اثناء بی جے پی نے کانگریس اور حزب اختلاف کی دیگر جماعتوں پر الزام لگایا ہے کہ وہ پارلیمنٹ کے رواں مون سون اجلاس کی کاروائی میں رخنہ ڈال رہے ہیں۔نئی دلی میں آج بی جے پی کے قومی ترجمان سمبت پاترا نے الزام لگایا کہ کانگریس اور اس کے اتحادی وقفہ سوالات اور وقفہ صفر کے دوران ہنگامہ آرائی اور شوروغل بپا کردیتے ہیں۔

بل پاس

دریں اثناء وزیر خزانہ نرملا سیتارمن کی جانب سے لوک سبھا میں پیش کئے گئے **Appropriation** بل **2026** کو آج پاس کیا گیا جبکہ راجیہ سبھا نے آج رجسٹریشن آف **Births and Deaths** ترمیمی بل **2026** کو منظوری دی۔اس بل کو لوک سبھا نے پہلے ہی پاس کیا ہے۔اس بل کے ذریعے رجسٹریشن آف **Births and Deaths 1969** میں ترمیم کی گئی ہے۔

**CM** گالف

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج رائل سپرنگس گالف کورس سرینگر میں جموں کشمیر اوپن **2026** بی پی ورلڈ پروفیشنل گالف ٹور آف انڈیا کے پانچویں شمارے کا آغاز کیا۔اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گالفنگ سیاحت کو جموں کشمیر کے مجموعی سیاحتی منظرنامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ سرینگر، پہلگام اور گلمرگ کے ساتھ ساتھ سدھرا جموں میں اعلیٰ معیار کے گالفنگ بنیادی ڈھانچہ قائم کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ

وادی اب گالفنگ کے منظر نامے میں اپنا نمایاں مقام بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کشمیر میں لگاتار گالف ٹورنامنٹس کا انعقاد کررہی ہے تاکہ قومی، بین الاقوامی اور مقامی کھلاڑیوں کو وادی کی طرف راغب کیا جاسکے۔

--------**V/O**--------

**CM** منظوری

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جے اینڈ کے ری ہیبلی ٹیشن اسسٹنس اسکیم **2022** کے تحت مکانات وشہری ترقی محکمے میں **42** امیدواروں کی تقرری کو منظوری دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس پہل سے اہل امیدواروں کو **Compassionate** بنیادوں پر روزگار فراہم کرنے کے حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری کی صدارت میں آج جموں کشمیر مینرلز لمیٹڈ کے کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی **176** ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقعہ پر نائب وزیر اعلیٰ نے جموں کشمیر میں صنعتی منظر نامے کو تقویت بخشنے میں **JKML** کے رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کارپوریشن کے تمام پروجیکٹوں کی بروقت عمل آوری کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے سے جاری ہے۔ آج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے **964** یاتریوں پر مشتمل **27** واں قافلہ وادی کی جانب روانہ کیا گیا۔ آج مزید **3** ہزار **168** یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔

مفرو مجرم

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت اور وزیر داخلہ امت شاہ کی رہنمائی کے تحت بھارت نے مفرور مجرموں کے خلاف سخت کاروائی کرتے ہوئے **2021** سے اب تک **36** ممالک سے **274** مفرور مجرموں کو بھارت واپس لایا ہے۔ **PIB** کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ اس طرح کے مجرموں کے خلاف کاروائی نظام میں مستحکم کرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی نے **2018** میں **Fugitive Economic Offenders** ایکٹ وجود میں لایا اور **2020** کے بعد اس طرح کے مجرموں کو واپس لانے کا کام مشن موڈ کے تحت ہاتھ میں لیا گیا جبکہ **2024** میں نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت نے تین نئے فوجداری قوانین کا اطلاق کیا جن میں مفرور مجرموں سے متعلق خصوصی مد شامل ہیں۔

امت شاہ

دریں اثنا وزیر داخلہ امت شاہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ نئے بھارت نے نئے قوانین پرانے نظام میں شامل کرنے سے تمام تفاوتوں کو دور کیا جس کے نتیجے میں دنیا کے کسی بھی کونے میں چھپے مفرور مجرموں کو واپس لانا ممکن ہو گیا۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

سکینہ ایتو

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ سرکار جموں وکشمیر میں جدید تدریسی طور طریقوں کو فروغ دینے کیلئے وعدہ بند ہے۔ انہوں نے اساتذہ اور تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ وہ **Learner-Centric** طور طریقے اپنائیں تا کہ طلباء کے تجسس اور تنقیدی سوچ میں اضافہ ہو سکے۔ ان باتوں کا اظہار موصوفہ نے آج سرینگر میں

**Cambridge Phonics and Handwritting** پروگرام کاافتتاح کرنے کے بعدایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

جاویدرانا

جل شکتی کے وزیرجاویداحمدرانانے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جل جیون مشن کی عمل آوری اور یوٹی میں عملائی جارہی دیگر واٹر سپلائی اسکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے افسران کو ہدایت کہ وہ دردست لئے گئے تمام کاموں کو معیاد بند مدت کے اندر مکمل کریں۔

اویس یعقوب

مکسڈ مارشل آرٹ چمپئین جنھوں نے حال ہی میں **Bulgeria** کے دوبار کے **MMA** چمپئین کو ہراکر تاریخ رقم کی،آج وادی واپس پہنچے۔یہاں پہنچتے ہی لوگوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ہمارے پلوامہ کے نمائندے میرنذیر کے ساتھ خصوصی بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

-----**V/O**-----

واضح رہے کہ اویس یعقوب کے ساتھ کی گئی یہ تفصیلی بات چیت آپ سنیچر وار کو صبح ساڑھے **9** بجے ہمارے پروگرام" نیوز ریل" میں سماعت کرسکیں گے۔

وسیم احمد

کولگام ضلعے کے ڈُرہامہ علاقے میں گورنمنٹ مڈل اسکول میں تعینات وسیم احمد نامی اُستاد کو راشٹرپتی بھون نئی دلی میں منعقد ہونے والی یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کیلئے مدعو کیا گیا ہے۔ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ وسیم احمد نے مذکورہ علاقے میں تعلیم کو عام کرنے اور تعلیمی منظرنامے کو فروغ دینے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وسیم احمد اپنے تاثرات کا کچھ اس طرح اظہار کیا۔

**-----Byte Waseem------**

لیونڈر

جموں وکشمیر میں زراعت اوراس سے منسلک سیکٹروں کوتقویت بخشنے کیلئے مرکزی سرکاراور یوٹی سرکاروں کی طرف سے خاطرخواہ اقدامات کئے جارہے ہیں جس کی بدولت جموں وکشمیر میں فصلوں کی پیداواراور پیداواریت بڑھانے کے ساتھ ساتھ کسانوں کی آمدن میں اضافہ کرنے میں بھی مدد ملی ہے۔ان دنوں مختلف اضلاع میں کسان لیونڈرکی کاشت کی طرف بھی راغب ہورہے ہیں۔اس فصل سے کسانوں کوکم وقت میں اچھامنافع حاصل ہورہاہےاوراس کی کاشت کاری کوپرپل ریولیشن سے بھی منصوب کیاجارہاہے۔اس تعلق سے ڈائریکٹرایگریکلچرکشمیر سرتاج احمدشاہ نے ہمارے نمائندے محمود احمدخان کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**-----V/O-----**

بارش پانی

ملک میں پانی کی قلت کو دور کرنے نیز پانی کے موثر استعمال اوراس کومحفوظ رکھنے کیلئے ان دنوں **Rain Water Harvesting** کی طرف توجہ مرکوز کی جارہی ہے۔اس عمل کے تحت بارشوں کے پانی کو محفوظ رکھنے کیلئے مختلف اختراعی طورطریقے اختیار کئے جارہے ہیں۔وزیراعظم نریندرمودی نے بھی ذاتی طور پر لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بارشوں کے پانی کو موثر طریقے سے استعمال میں لائیں۔انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے پانی کی ضرورتیں پوری ہونے کے ساتھ ساتھ ماحولیاتی توازن کو برقراررکھنے میں بھی مدد ملے گی۔

کلاوڈ برسٹ

جموں وکشمیر میں اس برس اب تک بادل پھٹنے کے **35** واقعات رونما ہوئے ہیں،جن میں **31** افراد ازجان ہوگئے۔ہمارے جموں کے نمائندے نے سرکارکی جانب سے جاری کئے گئے اعداد وشمار کے حوالے سے خبردی

ہے کہ یکم جون سے جولائی کے وسط تک بادل پھٹنے کے 22 واقعات پیش آئے۔ان واقعات میں پونچھ، راجوری،کٹھوعہ،ڈوڈہ،کشتواڑ،شوپیان اور کپواڑہ اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہوئے۔

**NC**

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس جموں وکشمیر کے عوام سے بقول ان کے چھینے گئے حقوق کی بحالی کیلئے کام کرتی رہے گی۔ایک پریس بیان میں انہوں نے الزام لگایا کہ آئینی اور جمہوری حقوق کی بحالی ہمیشہ پارٹی کی اولین ترجیح رہے گی۔دریں اثناء پارٹی کے سینئر لیڈر اور ایم ایل اے پانپور حسنین مسعودی نے عرس مبارک حضرت شیخ شریف الدین المعرورشوگہ بابہ صاحب کے سلسلے میں انتظامیہ سے تمام انتظامات کرنے کی اپیل کی ہے۔

---

**BJP لوکل**

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے آج راجیہ سبھا میں جموں وکشمیر میں یونیورسل امیونائزیشن پروگرام کے بارے میں ایک سوال اجاگر کیا جس کے جواب میں صحت کی مرکزی وزیر مملکت انوپریا پٹیل نے کہا کہ پچھلے مالی برس کے دوران جموں وکشمیر میں ٹیکہ کاری کے دائرے کے حوالے سے سو فیصد اہداف حاصل کئے گئے۔دریں اثناء بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کی صدارت میں ہندواڑہ میں ایک تنظیمی میٹنگ منعقد ہوئی۔بعد میں انہوں نے لنگیٹ پارک میں ایک کنونشن سے بھی خطاب کیا۔اس دوران انہوں نے ضلعے میں پارٹی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

---

**جعلی ویڈیو**

سرکار نے سوشل میڈیا پر گردش کر رہے اُس ویڈیو کی تردید کی ہے، جس میں وزیراعظم نریندر مودی کو قدیم سکوں کی نمائش میں سرکار سے تسلیم شدہ خریدار کی شرکت کی تصدیق کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔پریس انفارمیشن

بیورو کے فیکٹ چیک یونٹ نے اس ویڈیو کو جعلی قرار دیا ہے۔ پی آئی بی نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے اس قسم کی کوئی تصدیق نہیں کی ہے۔عام لوگوں سے ایسے معاملات میں ہوشیار رہنے کیلئے کہا گیا ہے۔

جیسوال

بھارت نے پاکستانی مقبوضہ کشمیر میں ہوئے مقامی انتخابات کو فرضی قرار دیا ہے۔آج نئی دلی میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے ایک میڈیا بریفنگ میں کہا کہ ان کھو کھلے اقدامات سے وہاں ہو رہے عوامی احتجاج اور پاکستانی افواج کی طرف سے کیئے جا رہے مار دھاڑ کو چھپایا نہیں جا سکتا۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اِن عوام کُش حرکات کیلئے عالمی سطح پر جوابدہ بنایا جانا چاہیئے۔

سیدہ افشانہ

کشمیر یونیورسٹی کے میڈیا ایجوکیشن ریسرچ سینٹر میں تعنات پروفیسر سیدہ افشانہ کو ایجوکیشنل ملٹی میڈیا ریسرچ سنٹر ( **EMMRC** ) انچارج ڈائریکٹر تعینات کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں کشمیر یونیورسٹی کی جانب سے ایک حکمنامہ جاری کیا گیا ہے۔

عرس

صوفی بزرگ فیاض ڈانگر پوری کا عرس مبارک کل ڈانگر پورہ سوپور میں منایا جا رہا ہے جس میں ختمات المعظمات کے علاوہ محفل موسیقی کا بھی انعقاد کیا جائے گا۔زائرین سے گزارش ہے کہ وہ عرس میں بڑھ چڑھ کر شرکت کریں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ

حرارت 30.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 20.1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24.2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 5 بجکر 45 منٹ اور غروب آفتاب شام 7 بجکر 29 منٹ پر ہوگا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ خدا حافظ۔